179254-خاونداداشدہ کچھ ٹیکس بیوی کی مدد سے واپس لینا چاہتا ہے، توکیا بیوی انکار کرسکتی ہے؟

سوال

سوال : میں امریکہ میں ایک کوریئر سروس فراہم کرنے والی کمپنی میں کام کرتا ہوں، میں شادی شدہ ہوں، اور میرے تین بچے بھی ہیں، اور میں اداشدہ کچھ ٹیکس اپنے بچوں کی خاطر واپس لینے کیلئے درخواست دینا چاہتا ہوں، لیکن میں اپنی طرف سے صرف دو بچوں کی درخواست دے سکتا ہوں؛ توکیا میری بیوی جوکہ خاتون خانہ ہے، تیسرے بچے کی طرف سے درخواست جمع کرواسکتی ہے؟ اوراس طریقے سے حاصل ہونے والے مال کی میری بیوی مالک ہوگی؟ یا میں مالک ہونگا؟ کیونکہ حاصل ہونے والامال ٹیکس کی صورت میں جمع شدہ مال ہوگا، اور یہ ٹیکس میری ماہانہ تنخواہ سے کٹوتی ہوتا تھا، جبکہ بیوی کوئی ملازمت بھی نہیں کرتی، انہوں نے صرف اتنا کیا ہے کہ اپنی طرف سے درخواست جمع کروائی ہے، توکیا بیوی کسی بھی سبب کے باعث درخواست دینے سے انکار کرسکتی ہے؟

پسندیدہ جواب

آپکے لئے انشورنس اور ٹیکسوں کی مد میں اداشدہ رقم کوواپس لینے کیلئے کوشش کرنا جائز ہے، اوراگر آپکی بیوی کوملکی قواعد وضوابط کے مطابق تیسرے بچے کی طرف سے درخواست دینے کی اجازت ہے تواس میں کوئی حرج نہیں ہے، اور حاصل شدہ مال آپکا ہی ہوگا؛ کیونکہ آپ کے بیان کے مطابق وہ آپکی تنخواہ میں سے اداشدہ مال ہے۔

اور آپکی بیوی کواس بارے میں آپکا بھرپور تعاون کرنا چاہئے، الاکہ کوئی ایسا قابل قبول عذر ہوجس کی وجہ سے وہ درخواست نہ دینا چاہتی ہوں توپھر وہ درخواست جمع نہ کروائیں۔

واللہ اعلم.